بلوچستان کا مقبول روزنامہ

روزنامہ

DAILY SABA–Quetta

صباء

کوئٹہ

ایڈیٹر غضنفر علی

ABC CERTIFIED

PHONE: 0814170013

EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

جلد نمبر 22 | جمعہ 16 اکتوبر 2026 | 03 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 204

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس کل کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور

نیز مشروط مذاکرات کیلئے تیار ہیں، جن حالات میں ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری امدرونی خامیوں کا نتیجہ ہے، محمود اچکزئی | لانگ مارچ سے کون ڈرتا ہے کتنے آئے اور گئے، دوسرے ملک سے دشمنیاں آرہی تھی، ایک صوبے کی اپنی خارجہ پالیسی نہیں ہوسکتی، عوام کے مختلف نمائندے کو اقتدار سے محروم کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے، اسمبلی کی تحلیل کے اختیارات ہیں، علامہ راجا ناصر عباس | بدامنی کے ذمہ دار ملک سے دشمنیاں ختم کرنی ہوں گی، ہم برسر کوہ کی تحریک عدم اعتماد کے دوران ہی ہوا، ہمارا ایجنڈا تحریک عدم اعتماد کے ذریعے پرامن حکومت ختم کرنی ہوگی، ہیبت کوہ



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محکمہ جاتی اصلاحات و کارکردگی جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور کرلی۔

بقیہ 1 صفحہ 3 کالم 2 میں

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو یکساں موقف اختیار کرنا ہوگا، وزیراعظم

بقیہ 3 صفحہ 3 کالم 2 میں

خیبر پختونخوا میں آئین کے مطابق گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی، اسحاق ڈار

جو لوگ کہہ رہے غیر آئینی کام ہوا عرض ہے کہ یہ بالکل آئین کے مطابق اقدام اٹھایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں آئین کے مطابق گورنر راج اور ایمرجنسی لگائی گئی، جو لوگ کہہ رہے ہیں کہ یہ غیر آئینی اقدام ہے، ایسا نہیں ہے۔

بقیہ 2 صفحہ 3 کالم 3 میں

بلوچستان ہیرٹیج اینڈ کلچر اتھارٹی کے قیام کا بل منظور، ثقافت کے تحفظ کیلئے صاحبِ علم جامع حکمت عملی تیار کرے گی، وزیراعلیٰ

ثقافت کے تحفظ کیلئے صاحبِ علم جامع حکمت عملی تیار کرے گی، وزیراعلیٰ

محکموں کی تنظیم نو اور اصلاحات کے عمل میں محکمہ ضروریات، انتظامی کارکردگی اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت دی جائے، تاکہ سرکاری مشینری کو زیادہ فعال اور جواب دہ بنایا جاسکے

محکموں کے درمیان رابطہ کاری کو بہتر بنانے اور فرائض کی انجام دہی میں غیر ضروری رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں

اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے مزید محکموں کی کارکردگی، انتظامی امور اور استعداد کار سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ محکموں کی فعالیت بہتر بنانے اور تنظیم نو کے لیے جائزہ اجلاس دوسرے روز بھی جاری رہا۔

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور اصلاحات مرتب کرنے کے لیے جائزہ اجلاس دوسرے روز بھی جاری رہا۔

بقیہ 4 صفحہ 3 کالم 6 میں



پشاور، اسکول کی چھت گرنے سے جاں بحق افراد کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہیں

پشاور نجی اسکول کی چھت گرنے سے 33 بچے اور دو ٹیچرز جاں بحق، 50 زخمی

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا اسکول کی چھت گرنے کے واقعہ پر دکھ اور افسوس کا اظہار، رپورٹ طلب کرلی، زخمی بچوں کو بہترین اور بروقت طبی سہولتوں کی فراہمی یقینی بنائی جائے، مشیر اطلاعات کی انتظامیہ کو ہدایت، انکوائری کمیٹی قائم

اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل کا استعمال ہوا تھا، چھت پر 9 | 11.5 ٹن تک بوجھ موجود تھے، چھت وزن کو برداشت نہیں کرسکی، پولیس تفتیشی افسر، صدر زرداری، وزیراعظم کی متعلقہ حکام کو تحقیقی رپورٹ جلد پیش کرنے کی ہدایت

پشاور (اسلام آباد (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے علاقے دیر کالونی میں 3 منزلہ نجی اسکول کی چھت گرنے سے 34 بچے اور ایک خاتون ٹیچر جاں بحق ہوگئیں، جاں بحق بچوں میں 6 بچیاں بھی شامل ہیں۔ جھنجرات کو ریسکیو حکام کے مطابق اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ پشاور کے علاقے دیر کالونی میں پیش آیا، صبح 8 کر 48 منٹ پر اسکول کی چھت گرنے کی اطلاع ملی تھی۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق ایڈی ریفنگ ہسپتال میں 33 اور نصیر الاللہ بابر میموریل ہسپتال میں 2 افراد کی لاشیں لائی گئیں۔ سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق واقعے میں زخمیوں کی تعداد 40 سے زیادہ ہے۔ سی پی او میاں سعید کے مطابق نجی اسکول کے مالک کو گرفتار کرلیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آخری اطلاعات تک چھت ملبے میں 2 افراد کی تلاش جاری تھی۔ ڈی جی ریسکیو حکام کے مطابق ملبے کے نیچے سے 50 زخمی نکالے گئے ہیں۔ ایمرجنسی نافذ کی گئی،

Daily SABA Quetta

روزنامہ صباء کوئٹہ

صفحہ نمبر 04

غیر قانونی ہتھیاروں کی آمد بھی کے عوام کیلئے سنگین خطرہ ہے، چین

اقوام متحدہ کے رکن ممالک اسلحے کی سمگلنگ کو اس کے منبع پر روکنے کے لیے فوری اور فیصلہ کن اقدامات کریں، سن لئی



صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ لواحقین کو ڈھانڈھ کے تحت بھرتیوں کے حوالے سے منعقدہ چارٹرڈ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔اس موقع پر سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان بھی موجود ہیں

اقوام متحدہ (این این آئی) چین نے بھی میز پر غیر قانونی ہتھیاروں کی آمد روکنے کے لیے موثر اقدامات پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم پیشہ گروہ دور دراز ملک سے بڑی مقدار میں ہتھیار اور گولہ بارود حاصل کررہے ہیں، بڑی چینی کے عوام اور وہاں تعینات چینی باشندوں کا نظام نافذ کرنے والے سے چینی ملک پر الزام دیتے ہوئے کہا ہے کہ جرائم پیشہ گروہ دوران ملک سے بڑی مقدار میں ہتھیار اور گولہ بارود حاصل کررہے ہیں جو

بلوچستان کا مقبول روزنامہ
DAILY SABA-Quetta
روزنامہ صباء
ABC CERTIFIED
ایڈیٹر: عضنفر علی
PHONE: 081417013
EMAIL: sabanewsqta@gmail.com

پبلشر بالاچ نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپواکر
دفتر روزنامہ صباء ارشد درانی بلڈنگ روم نمبر 3 عامد اردو روڈ سے شائع کیا

غیر مشروط مذاکرات کیلئے تیار ہیں

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی تحریک کثرت رائے سے منظور کرلی۔ جمعرات کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس اسپیکر سردار ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی، مکتوبی وا پوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے متعلق کابینہ کے فیصلے کے سامنے پیش کیے گئے، صدر مملکت کی جانب سے ایمرجنسی کے نفاذ سے متعلق کابینہ کے فیصلے کی شق 7 کے تحت جبکہ گورنر راج کے نفاذ کے کابینہ کے فیصلے کی آرٹیکل 232 کی شق 3 کے تحت پیش کیے گئے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق صدارتی اعلان مشترکہ اجلاس میں پیش کیے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا دلخراش واقعہ آیا، چھت گرنے سے بچے اور اساتذہ شہید ہوئے، پشاور اسکول واقعے میں شہید ہونے والے بچوں کیلئے دعا مغفرت کی گئی، بچوں کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کیلئے تواعد معطل کرنے کی تحریک مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، تحریک وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے پیش کی۔ صدر مملکت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کی توثیق کی قرارداد مشترکہ اجلاس میں پیش کی گئی، اپوزیشن اراکین نے پارلیمنٹ کے سیشن میں احتجاج شروع کردیا۔ اپوزیشن اراکین بازوؤں پر کالی پٹیاں باندھ کر اجلاس میں شریک ہوئے، اپوزیشن نے سنی چیلنج کردی۔ اسپیکر نے قرارداد کے حق اور مخالفت میں اراکین کو گننے کی ہدایت کی، خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی قرارداد کے حق میں 214 اراکین نے حمایت کی، 56 اراکین نے قرارداد کی مخالفت کی۔ مشترکہ اجلاس میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق قرارداد پر بحث شروع ہوئی، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئینی تقاضا پورا کرنے کیلئے آج کا اجلاس بلایا گیا ہے، نیشنل اور قومی اسمبلی میں اس پر بات ہوچکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے سوال ہوں گے تو جواب دیں گے، کچھ لوگوں نے اس اقدام بارہ اکتوبر سے جوڑا۔ اپکس کمیٹی کے اجلاس اسلام آباد اور پشاور میں ہوتے رہے، صوبے میں ایک روز میں کئی مرتبہ دہشت گردی کے واقعات ہوئے، ایسے وقت میں وزیراعلیٰ کو لانگ مارچ کی بجائے ہسپتال میں ہونا چاہیے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں کہا کہ جن حالات میں ہمارا ملک پھنس گیا ہے، خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں یہ ہماری اندرونی ناکامیوں کا نتیجہ ہے، آئین بڑی مشکل سے بنا، پاکستان ٹوٹنے کے بعد، پاکستان ٹوٹا بھی ہماری انا کی وجہ سے، سکندر مرزا سے متعلق مشہور جملہ ہے جس نے سراج دولا کو دھوکا دیا۔

میاں بیوی کو اپنے ازدواجی مسائل سوشل میڈیا پر نہیں لانے چاہئیں، منیب بٹ

لاہور (این این آئی) پاکستانی معروف اداکار منیب بٹ کا کہنا ہے کہ میاں بیوی کو اپنے ازدواجی مسائل سوشل میڈیا پر لانے کے بجائے باہمی گفتگو سے حل کرنے چاہئیں، سماجی میں منیب بٹ نے ایک پروگرام میں بلاور مہمان شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف امور پر اپنے خیالات کا اظہار کیا، انٹرویو کے دوران اداکار نے سوشل میڈیا پر ازدواجی مسائل کو عام کرنے کے بڑھتے ہوئے رجحان پر بات کرتے ہوئے جوڑوں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے نجی معاملات کو انٹرنیٹ پر زیر بحث لانے سے گریز کریں۔ انہوں نے کہا کہ آج کل اکثر سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور دیگر جوڑے ایک دوسرے کے سامنے آتے ہیں۔

والد بننے کے خیال کو مکمل طور پر ترک نہیں کیا، سلمان خان

سلمان خان 13 سال کے طویل وقفے کے بعد ایک بار پھر معروف شو کا فی وی کرن میں نظر آئے

ممبئی (این این آئی) بھائی دوج کے سپر اسٹار سلمان خان کا کہنا ہے کہ والد بننے کے خیال کو مکمل طور پر ترک نہیں کیا، اس بارے میں اب بھی سوچ رہا ہوں۔ نیشنل میڈیا رپورٹس کے مطابق سلمان خان 13 سال کے طویل وقفے کے بعد ایک بار پھر معروف شو کافی وی کرن میں نظر آئے، اداکار نے شو کے آخری سیزن کی پہلی قسط میں شرکت کی، جہاں ان کے ساتھ اداکار و کرشمہ کپور کی بھی موجود تھیں۔ میزبان کرن جوہر سے گفتگو کے دوران سلمان خان نے 60 برس کی عمر میں شادی شدہ نہ ہونے کے باوجود بچوں کا باپ بننے کے امکان پر اپنے خیالات کا اظہار کیا، اداکار نے انکشاف کیا کہ میں اب بھی مستقبل قریب میں بچوں کی پیدائش کے بارے میں سوچ رہا ہوں، میں نے والد بننے کے خیال کو مکمل طور پر ترک نہیں کیا۔ سلمان خان نے کرن جوہر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میں ابھی موٹیویٹ ہونے کا منتظر ہوں، میں ابھی موٹیویٹ ہونے کی پوزیشن میں نہیں ہوں۔

بالی ووڈ کے لیجنڈری اداکار امیتابھ بچن کا ریٹائرمنٹ لینے سے انکار

امیتابھ بچن ان دنوں ٹیلی ویژن کے معروف پروگرام کون بنے گا کروڑ پتی کے 16 ویں سیزن کی میزبانی کررہے ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر ترین اداکار امیتابھ بچن نے ریٹائرمنٹ کے حوالے سے میڈیا رپورٹس کو مسترد کردیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں امیتابھ بچن نے کہا کہ میں نے کبھی ریٹائرمنٹ کا اعلان نہیں کیا، میں ابھی کام چھوڑنے کی سوچ نہیں رہا، امیتابھ بچن نے ایک انٹرویو میں فلم سازی اور ریٹائرمنٹ سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ 1982 میں ریلیز ہونے والی فلم زنجیر نے انہیں شہرت کی بلندیوں تک پہنچایا، امیتابھ بچن ان دنوں ٹیلی ویژن کے معروف پروگرام کون بنے گا کروڑ پتی کے 16 ویں سیزن کی میزبانی کررہے ہیں، ریٹائرمنٹ سے متعلق سوال پر امیتابھ بچن نے کہا کہ میں کہاں جاؤں گا، میں کام چھوڑ کر کیا کروں گا، میں کام چھوڑنے کے بارے میں کیوں سوچوں؟ لوگ مجھے کام سے ریٹائر کرانے کے لیے اتنے بے تاب کیوں ہیں؟ انہوں نے کہا کہ میں موت کے بعد ہی ریٹائر ہوں گا، پھر مجھے واپس زندگی ملے گی۔

عدالت بمقابلہ عدالت

مرحلہ 2020ء سے اب تک جاری ہے جس میں دہشت گردی دوبارہ عروج پر ہے۔ رپورٹ کے مطابق اگست 2021ء میں افغانستان میں طالبان کی واپسی کے بعد یہ مرحلہ نمایاں طور پر شدت اختیار کر گیا اور نومبر 2022ء میں پی ٹی آئی نے باضابطہ طور پر جنگ بندی ختم کر کے پاکستان کے خلاف وسیع پیمانے پر حملے شروع کر دیئے۔ بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی و جنوبی وزیرستان، خیبر اور باجوڑ میں پولیس اسٹیشنز، چیک پوسٹس، سیکیورٹی قافلے اور دہشت گردوں کی سہولت کار بن چکی ہے۔ ساتھ ہی انٹیلی جنس رازم پورٹل نے اپنی رپورٹ میں دہشت گردی کے تین مراحل کا تجزیہ کیا ہے۔ پہلا مرحلہ 2014ء تا 2009ء ہے جس میں 2022ء میں 527، 2023ء میں 941، 2024ء میں ایک ہزار تین سو تریسٹھ 2025ء کی شدت بتدریج بڑھی۔ دوسرا مرحلہ 2021ء تا 2018ء کا تھا جس کے دوران فوجی آپریشنز کے نتیجے میں نمایاں کمی آئی۔ تیسرا

حصہ 1

یوسف رضا گیلانی، سنجرانی و اپوزیشن اراکین کی بڑی تعداد اجلاس میں شریک ہوئی، بلوچستان، میں ایرعبنی اور کورز راج سے متعلق کفایت مشترکہ اجلاس کے سامنے پیش کیے گئے، محمد مقطعت کی جانب سے ایرعبنی کے غذا سے متعلق کفایت آرٹیکل 232 کی شق 3 کے تحت جمع کروائے گئے، ایرعبنی اور کورز راج سے متعلق کفایت تحریک کو ایوان نے کثرت رائے سے مسترد کر دیا، ایرعبنی اور کورز راج کے لگائے جانے سے متعلق صدارتی اعلان کالعدم قرار دینے کی تحریک پیش کی گئی، آرٹیکل 232 کی شق (1) کے دوسرے Provisio کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کورصد مملکت پانچ دن کے اندر پارلیمنٹ سے دونوں ایوانوں میں پیش کرنا ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ آئین میں ترمیم کا طریقہ کار واضح کیا گیا ہے، اسحاق ڈار نے آرٹیکل 234 کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ اس کے تحت جاری کیا جانے والا اعلان پارلیمنٹ سے مشترکہ اجلاس میں پیش کرنا ضروری ہے، وہ وجہ بتائیں کہ ایمرجنسی کیوں لگائی گئی، آئین کے آرٹیکل 232 کے تحت وفاقی حکومت کو اختیار ہے کہ وہ ہنگامی حالت نافذ کرے، اسحاق ڈار نے کہا کہ ایمرجنسی کے نفاذ کی وجہ بتائیں، ایمرجنسی کے نفاذ کی وجہ بتانا ہوگی